No. of Printed Pages : 8

# BUDC-106

## B.A. Hons. (Urdu) (BAUDH)

### Term-End Examination

### December, 2024

### BUDC-106 : Khwaja Altaf Husain Hali Ka Khusoosi Mutala

(خواجہ الطاف حسین حالؔی کا خصوصی مطالعہ)

*Time : Three Hours ]* *[ Maximum Marks : 100*

---

نوٹ:۔ سبھی حصوں سے تمام سوالوں کے جواب مطلوب ہیں ۔ اور تمام سوالوں کے نمبر ان کے سامنے درج ہیں۔

---

(حصہ الف)

۱۔ ''یادگار غالب'' کا تعارف پیش کرتے ہوئے درج





ذیل اقتباس کی تشریح کیجئے۔ ۱۰

''مرزا کی تقریر میں ان کی تحریر اور ان کی نظم و نثر سے کچھ کم لطف نہ تھا اور اسی وجہ سے لوگ ان سے ملنے اور ان کی باتیں سننے کے مشتاق رہتے تھے۔ وہ زیادہ بولنے والے نہ تھے مگر جو کچھ ان کی زبان سے نکلتا تھا، لطف سے خالی نہ ہوتا تھا۔ ظرافت مزاج مین اس قدر تھی کہ اگر ان کو بجائے حیوانِ ناطق کے حیوانِ ظریف کہا جائے تو بجا ہے۔حسن بیان، حاضر جوابی اور بات سے بات پیدا کرنا ان کی خصوصیات میں تھا۔



Downloaded from www.IGNOUBABA.com

یا

خواجہ الطاف حسین حالؔی کے سوانحی حالات وکوائف پر تبصرہ کیجئے۔

۲۔ درج ذیل بند کا تجزیہ کیجئے۔ ۱۰

وہ فخر عرب زیب محراب و منبر
تمام اہل مکہ کو ہمراہ لے کر
گیا ایک دن حسبِ فرمان داور
سوئے دشت اور چڑھ کے کوہِ صفا پر
یہ فرمایا سب سے کہ ''اے آلِ غالب
سمجھتے ہو تم مجھ کو صادق کہ کاذب؟''





کہا سب نے ''قول آج تک کوئی تیرا
کبھی ہم نے جھوٹا سنا اور نہ دیکھا''
کہا ''گر سمجھتے ہو تم مجھ کو ایسا
تو باور کروگے اگر میں کہوں گا؟
کہ فوجِ گراں پشتِ کوہِ صفا پر
پڑی ہے کہ لوٹے تمہیں گھات پاکر

یا

خواجہ الطاف حسین حالؔی کی رباعی گوئی پر ایک نوٹ لکھئے۔

۳۔ درج ذیل اقتباس کی تشریح کیجئے۔ ۱۰



Downloaded from www.IGNOUBABA.com

”شعر سے جس طرح نفسانی جذبات کو استعالک ہوتی ہے، اسی طرح روحانی خوشیاں بھی زندہ ہوتی ہیں اور انسان کی روحانی اور پاک خوشیوں کو اس کے اخلاق کے ساتھ ایسا صریح تعلق ہے جس کے بیان کرنے کی چنداں ضرورت نہیں۔ شعر اگرچہ براہِ راست علم اخلاق کی طرح تلقین اور تربیت نہیں کرتا لیکن ازروئے انصاف اس کو علم اخلاق کا نائب مناب اور قائم مقام کہہ سکتے ہیں۔ اسی بنا پر صوفیا کرام کے ایک جلیل القدر سلسلہ میں سماع کو جس کا جزو اعظم اور رکن رکین شعر ہے،





وسیلہ قربِ الٰہی اور تصفیۂ نفس و تکیۂ باطن مانا گیا ہے۔

یا

خواجہ الطاف حسین حالؔی کی خطوط نگاری پر تبصرہ کیجئے۔

(حصہ ب)

۴۔ اردو مرثیہ کے حوالے سے حالی کی تنقید نگاری کا مفصل جائزہ لیجئے۔ ۱۵

یا

خواجہ الطاف حسین حالؔی اور علی گڑھ تحریک پر ایک تفصیلی مضمون لکھئے۔



Downloaded from www.IGNOUBABA.com

۵۔ خواجہ الطاف حسین حالؔی کے تصور شعر کو وضاحت کے ساتھ بیان کیجئے۔ ۱۵

یا

خواجہ الطاف حسین حالؔی کے نثری اسلوب نگارش پر اظہار خیال کیجئے۔

(حصہ ج)

۶۔ خواجہ الطاف حسین حالؔی کے معاصرین پر تفصیلی مضمون قلم بند کیجئے۔ ۲۰

یا

خواجہ الطاف حسین حالؔی کی نظم نگاری سے مدلل بحث کیجئے۔





۷۔ خواجہ الطاف حسین حالی کی سوانح نگاری پر مفصل اظہار خیال کیجئے۔ ۲۰

یا

خواجہ الطاف حسین حالؔی کی غزل گوئی کا جائزہ لیجئے۔

×××××××



Downloaded from www.IGNOUBABA.com